V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم علیا حضرت ہز ہائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

جلد ۵۲	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳۰ ذی قعدہ سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۴۱ء	نمبر ۶

حصہ اول

احکام اجلاس علیا حضرت ہز ہائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

۱	منظوری مسودۂ جدید نام شرکائے پائندہ جھنڈا اشت علیا حضرت صاحبہ دام اقبالہا	۲	
۲	منظوری ترمیمات متعلق "محکمہ برقی ریاست رامپور کی قوتِ برقی مہیا کرنیکی شرائط و شرح"	۲ و ۳	
۳	"آرڈیننس جمعیت ہائے احتیاطی حملۂ ہوائی ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء"	۳	

آرڈرزان کونسل - رامپور اسٹیٹ

۱-	منظوری اعلان متعلق ترمیمات بہ "موٹر اسپرٹ راشننگ آرڈر ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء"	۴
۲-	منظوری اعلان متعلق پابندی اشاعت، فروخت و تقسیم نقشہ جات بحالت احتمال امداد بہ دشمن	۵
۳	منتقلی منشی غلام واحد خاں صاحب بعہدۂ تحصیلداری	۵
۴	منظوری نفاذ "کروم کمپاؤنڈس کنٹرول آرڈر ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء"	۶
۵	منظوری نفاذ:- ۱- آرڈر کاروبار الیکٹرک اپریٹس ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء ۲- آرڈر قبضہ و اپریس ٹیلیگرافی اپریٹس ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء ۳- آرڈر تحت قاعدہ ۳۴ - الف - قواعد تحفظ ہند - ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء	۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس علیا حضرت ہز ہائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

حکم:- واقع ۱۹ دسمبر ۱۹۳۱ء

سڑک ہائے مندرجہ رپورٹ کو جدید ناموں سے موسوم کئے جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط علیا حضرت ہز ہائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

علیا حضرت ہز ہائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

میونسپل بورڈ رامپور نے بموجب دفعہ ۶۷ ایکٹ میونسپلٹی مصرحہ تحت چار سڑکوں کے جدید نام مندرجہ ذیل تجویز کئے ہیں:-

(۱) سڑک مال روڈ کا نام "راہ رضا"

(۲) سڑک محمد علی روڈ " "راہ سپاہ"

(۳) سڑک از شاہ آباد دروازہ تا چوراہہ ریلوے اسٹیشن کا نام "راہ مرتضیٰ"

(۴) سڑک از نیو ٹریڈل گودام تا پُل کوسی کا نام "راہ لقمان"

کاغذات عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے برائے ملاحظہ و صدور حکم ارسال کئے ہیں جو ذریعہ عرضداشت بحضور پرنور داشرف پیش ہیں۔

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ چار سڑک ہائے مذکور کو حسب صراحت بالا جدید ناموں سے موسوم کئے جانے کا حکم منظوری پیشگاہ معلی سے شرف صدور پائے

زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت و اقبال تاباں باد۔

عرضی ترقی خواہ۔ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۵ دسمبر ۱۹۳۱ء

حکم:- واقع ۱۶ دسمبر ۱۹۳۱ء

ترمیمات مصرحہ عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط علیا حضرت ہز ہائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

علیا حضرت ہز ہائینس حضور ریجنٹ صاحبہ دام اقبالہا

بعز عرض — می رساند

جناب عالی

محکمہ برقی ریاست رامپور کی قوت برقی مہیا کرنے کی شرائط و شرح" کا نفاذ بحکم اجلاس ہمایوں منعقدہ ۲۵ نومبر ۱۹۳۱ء۔ از یکم جنوری ۱۹۳۲ء منظور فرمایا جاچکا ہے صاحب الکٹریکل انجنیر نے ترمیمات مصرحہ ذیل برائے منظوری ارسال کی ہیں۔ جن سے ترقیخواہ کو اتفاق ہے۔

(۱) شرائط کے نمبر ۳ میں الفاظ عنوان "فیس برائے سروس" کے بجائے الفاظ "چارجز برائے سروس" درج ہوں گے

(۲) شرائط کے نمبر ۸ کی چوتھی سطر میں الفاظ "دینا ہوگا" کے بعد عبارت "ہذا" اور ایسی تمام سروس لائن جو

محکمۂ برقی نصب کرے گا خواہ اس کا خرچ کنزیومر نے
ادا کیا ہو یا محکمہ نے بملکیت محکمۂ برقی ہوگی۔
اور اس کی مینٹیننس ہمیشہ بذمہ محکمہ ہوگی۔" ایزاد ہوگی۔

(۳) شرائط کے نمبر ۸ کی ساتویں سطر کے آخر میں عبارت
ہذا "یا قائم شدہ سلسلہ کو منقطع کردے" ایزاد ہوگی۔

(۴) شرائط کے ۱۲ کی چوتھی سطر میں عبارت "فیس جو
کنزیومر نے ادا کی ہے واپس کردی جائیگی"
کے بعد عبارت ہذا "بشرطیکہ میٹر محکمۂ برقی کی
ملکیت ہو" ایزاد ہوگی۔

(۵) تحت عنوان شرح فیس ضمن ۲ کے حرف (ب)
کی عبارت کے بعد عبارت "گرم کرنے، پکانے،
اور ٹھنڈا کرنے کے آلات جوکہ مجموعی طاقت میں
کلوواٹ سے کم نہ ہوں" کے بجائے عبارت ھذا
"گرم کرنے، پکانے، اور ٹھنڈا کرنے کے آلات
جوکہ مجموعی طاقت میں تین کلوواٹ سے کم
نہ ہوں" درج ہوگی۔

لہذا عرضداشت ہذا برائے ملاحظہ و صدور
حکم منظوری ترمیمات مصرحہ بالا حضور معلیٰ میں
پیش ہے۔ زیادہ حدِ ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرض

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۵ دسمبر ۱۹۴۱ء

حکم :-

واقع ۱۸ دسمبر ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ "آرڈیننس جمعیت ہائے
احتیاطی حملۂ ہوائی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء"
کی منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام
ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط علیا حضرت ہر ہائینس حضور ریجنٹ جہاں دام اقبالہا

علیا حضرت ہر ہائینس حضور ریجنٹ جہاں دام اقبالہا

بعز عرض　　　　　　　　　　　　　　میرساند

جناب عالی

ہوائی حملہ کی احتیاطی (فرسٹ ایڈ جمعیتوں) کے نظام کو عمل میں لانے
کے لئے عالی مرتبت صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بہادر نے
"آرڈیننس جمعیتہائے احتیاطی حملۂ ہوائی ریاست
رامپور ۱۹۴۱ء" مرتب کرکے ارسال کیا ہے
جو ذریعہ عرضداشت ہذا برائے ملاحظہ حضور معلیٰ میں
پیش ہے۔ ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم
منظوری آرڈیننس مذکور منسلکہ عرضداشت شرف نفاذ
پائے۔ زیادہ حدِ ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرض

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۷ دسمبر ۱۹۴۱ء

نوٹ :- آرڈیننس محولۂ بالا حصۂ سوم میں شامل ہے۔

آرڈرزان کونسل - رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۴۲۶ - واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ دسمبر ۱۹۴۱ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اعلان منسلکہ متعلق ترمیمات در موٹر اسپرٹ راشننگ آرڈر ریاست رامپور ۱۹۴۱ء پیش ہو کر طے پایا کہ:-

اعلان منسلکہ متعلق ترمیمات در موٹر اسپرٹ راشننگ آرڈر ریاست رامپور ۱۹۴۱ء کی منظوری دی جاتی ہے

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع اعلان منسلکہ برائے اجرائے احکام واشاعت بگزٹ سرکاری بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء مرسل ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

بغرض کارروائی اجرائے احکام واشاعت گزٹ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں - بعد کارروائی اجرائے احکام وغیرہ اصل کاغذات دارالانشاء کو واپس کئے جائیں ۱۵ دسمبر ۴۱ء

دستخط فار عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۱۸ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور موٹر اسپرٹ راشننگ آرڈر ریاست رامپور ۱۹۴۱ء میں حسب ذیل ترمیمات منظور کرتی ہے۔

۱- فقرہ ۳ کے بجائے حسب ذیل عبارت بطور فقرہ ۳ درج کی جائے۔

"تحفظ وامن کی غرض سے موٹر اسپرٹ کا مہیا کیا جانا } اگر موٹر اسپرٹ ان ہوائی جہازوں موٹر وہیکلس یا مشینری کے لئے درکار ہو جو گورنمنٹ رامپور نے ملک معظم یا ریاست اپنی کی افواج کے لئے رکھی ہو یا موٹر اسپرٹ کی ضرورت تحفظ وامن عامہ یا سول مستقر ہوائی کی حفاظت ونگہداشت کے لئے ہے اور ایسے اسٹاک سے جو براہ راست گورنمنٹ رامپور کے زیر انتظام ہے دستیاب نہ ہو سکے تو رسید خاص سپلائر کو وقت حصول دیگر موٹر اسپرٹ حاصل کی جائیگی"۔

۲- فقرہ ۲۲ کے تحتی فقرہ (۲) (ب) کے آخر میں حسب ذیل عبارت ایزاد کی جائے:-

"یا ایسے ڈیلر کا جس نے آرڈر ہذا کے نفاذ کے بعد کاروبار شروع کیا ہو موٹر اسپرٹ کا دوسرے ڈیلر کو منتقل کرنا"۔

۳- فقرہ ۲۷ کے بعد حسب ذیل عبارت بطور فقرہ ۲۸ ایزاد کی جائے:-

"۲۸ سزا } آرڈر ہذا تحت قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور نافذ کیا گیا ہے - آرڈر ہذا کے احکام کی خلاف ورزی قاعدہ ۱۸ قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور کے تحت قابل سزا متصور ہوگی۔"

آرڈر نمبر ۴۲۵ - واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ دسمبر ۱۹۴۱ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اعلان منسلکہ متعلق پابندی اشاعت - فروخت وتقسیم نقشہ جات بحالت احتمال امداد بہ دشمن پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حسب تجویز جناب گورنمنٹ رامپور اعلان منسلکہ کی اشاعت کی منظوری دی جاتی ہے -

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام و اشاعت بہ گزٹ سرکاری بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دار الانشاء مرسل ہو -

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

ایک نقل اعلان اسٹیٹ گزٹ میں شائع کی جائے -

بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دار الانشاء کو واپس کئے جائیں - ۱۵ دسمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر -

اعلان

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ نقشہ جات کی جن سے دشمن کو امداد پہونچنے کا احتمال ہے اشاعت فروخت اور تقسیم کا ضابطہ مقرر کیا جاوے لہذا گورنمنٹ رامپور باستعمال اختیارات بحکومت قاعدہ ۲۰ تحتی قاعدہ (۱) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور حسب ذیل اعلان کرتی ہے اور حکم دیتی ہے :-

(الف) کوئی شخص کسی ایسے نقشہ کو علیحدہ یا بطور جزو دیگر نقشہ کتاب یا دستاویز بدون اجازت عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر شائع فروخت یا تقسیم نہ کرے گا -

(ب) اگر اس قسم کا کوئی نقشہ کسی شخص کے قبضہ میں ہو تو اوسکو لازم ہے کہ نقشہ مذکور تاریخ ۱۵ دسمبر ۱۹۴۱ء تک عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کے حوالے کر دے صاحب موصوف کو اختیار ہوگا کہ اپنے اختیار تمیزی سے بموجب ہدایات گورنمنٹ اس امر کا تصفیہ کریں کہ نقشہ مذکور بدستور مالک نقشہ کے قبضہ میں رہے یا نقشہ کو بحق سرکار ضبط کر کے تلف کر دیا جائے یا اوس عرصہ تک محفوظ رکھا جائے جب تک کہ مالک کی قابل واپسی نہ ہو - صاحب موصوف کا فیصلہ اس بارہ میں قطعی ہوگا - اعلان ہذا ریاست کے کل محکمہ جات سے بھی متعلق ہوگا جن کے قبضہ و اہتمام میں ایسے نقشہ جات ہوں -

مگر شرط یہ ہے کہ صاحب موصوف محکمہ جات کو ہدایت کر سکتے ہیں کہ نقشہ جات کو بحفاظت مستقل رکھنے کے ذمہ دار ہوں -

عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر بامداد عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس امور متذکرہ بالا کی نگرانی کریں گے -

آرڈر نمبر ۴۲۴ - واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ دسمبر ۱۹۴۱ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز

اس خلاصہ کے ساتھ پیش ہوئی کہ منشی غلام واحد خاں صاحب

عرصہ سے بحیثیت تحصیلدار سوار خدمات متعلقہ انجام دیتے

ہیں چونکہ بزمانہ مدت امتحانی انکی خدمات قابل اطمینان

رہی ہیں لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کو تحصیلداری

کے گریڈ کی ابتدائی تنخواہ ایکسو بیس روپیہ ماہانہ پر کیم نومبر ۱۹۲۱ء

سے مستقل فرمایا جائے جس سے حیثیۃ فائنانس کو اتفاق ہے

پایا کہ:۔

حسب تجویز منشی غلام واحد خاں صاحب تحصیلدار سوار کو

بعہدہ تحصیلداری بمشاہرہ ایکسو بیس روپیہ ماہانہ کیم نومبر ۱۹۲۱ء

سے مستقل کیا جانا منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل

درج گزٹ ہو۔ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۲۸ داقعہ ۱۳ دسمبر ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ دسمبر ۱۹۲۱ء

میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت

منظوری نفاذ گروم کیپا ونڈس کنٹرول آرڈر ریاست رامپور

۱۹۲۱ء مسلکہ کاغذات پیش ہو کر طے پایا کہ:۔

حسب تجویز گروم کیپا ونڈس کنٹرول آرڈر ریاست رامپور ۱۹۲۱ء

کا نفاذ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع آرڈر مسلکہ برائے اجرائے

احکام و اشاعت بہ گزٹ سرکاری

بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء

مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل

آرڈر مسلکہ اسٹیٹ گزٹ میں شائع کی جائے۔

بعد کارروائی اجرائے احکام اصل کاغذات دارالانشاء

کو واپس کئے جائیں۔ ۱۵ دسمبر ۱۹۲۱ء

دستخط فارعالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

نوٹ۔ آرڈر محولہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہے۔

آرڈر نمبر ۲۷ واقعہ ۱۳ دسمبر ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ دسمبر ۱۹۲۱ء میں

عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت

منظوری نفاذ "آرڈر کارد بار الیکٹرک اپریٹس ریاست رامپور

۱۹۲۱ء" "آرڈر قبضہ وائرلیس ٹیلیگرافی اپریٹس ریاست

رامپور ۱۹۲۱ء" "آرڈر متعلقہ تحت قاعدہ ۲۷۔ الف

قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۲۱ء" پیش ہو کر طے پایا کہ

حسب تجویز تینوں آرڈر ہائے محولہ بالا مسلکہ کاغذات کا

نفاذ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع آرڈر ہائے مسلکہ برائے کارروائی اجرائے احکام

و اشاعت بہ گزٹ سرکاری بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل آرڈر ہائے مسلکہ کی اسٹیٹ گزٹ

میں شائع کی جائے۔ بعد کارروائی اجرائے احکام اصل کاغذات دارالانشاء کو واپس کئے جائیں

۱۵ دسمبر ۱۹۲۱ء دستخط فارعالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

نوٹ۔ آرڈر محولہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہیں۔